سوال

(514) سری نماز میں جہری اور جہری نماز میں سری قراءات کرنے سے سجدہ سہو ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سری نماز میں جہری اور جہری نماز میں سری قراءت کرنے سے سجدہ سہو ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں! ظہر عصر کی نمازیں سری ہیں اور حدیث میں آتا ہے : ((يُسمِعُنَا الآيَةَ أَحيَانًا))
ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر و عصر کی پہلی دو رکعتوں میں سورت فاتحہ اور کوئی ایک سورت پڑھتے اور پچھلی دو رکعتوں میں صرف فاتحہ پڑھتے تھے اور کبھی کبھار ہمیں ایک آدھ آیت (بلند آواز سے پڑھ کر) سنا دیتے تھے۔ (صحیح بخاری)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1

محدث فتویٰ